**خاندانی زندگی کی تعلیم سے متعلق، والدین / سرپرست کو ایک خط**

عزیز والد یا والدہ/ سرپرست:

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک کے طلباء کے لیئے، خاندانی زندگی کی تعلیم (FLE) کا ایک جامع اور ترتیب وار پروگرام پیش کرتے ہیں۔ خاندانی زندگی کا تعلیمی پروگرام اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ اس سے طلباء کو ایسی معلومات، انداز فکر اور مہارتیں حاصل ہوتی ہیں جن کے ذریعے وہ انسانی جسم کی افزائش، آپس کے تعلقات اور جذباتی اور معاشرتی صحت کے بارے میں صحت مندانہ، احساس ذمہ داری پر مبنی، قابل احترام اور زندگی بہتر بنانے کے فیصلے کر سکتے ہیں۔ تدریس کو والدین اور سرپرستوں، اسکول اور کمیونٹی کے درمیان ایک ایسی شراکت کی حیثیت حاصل ہوتی ہے، جو مضبوط خاندانوں، مثبت تعلقات اور صحت مند کمیونٹی کے فروغ کا سبب بنتی ہے۔

گریڈ- لیول پروگرام کی تفصیلی معلومات (سبق کے اہداف اور تفصیلی بیان) ہر گریڈ لیول کے لیئے، آن لائن دستیاب ہیں۔ گریڈ-لیول کے مخصوص اسباق اور میڈیا، جس کے FCPS کے پاس سٹریمنگ رائٹس ہیں، آن لائن Schoology میں دستیاب ہیں۔ والدین/ سرپرست اپنا وہی یوزرنیم اور پاس ورڈ استعمال کر کے Schoology میں لاگ ان کر سکتے ہیں، جو ان کے Student Information System (SIS) کے پیرنٹ اکاؤنٹ کا ہے۔ کاپی رائیٹ اجازتوں کی وجہ سے، ہم تمام میڈیا ٹائٹلز کو آن لائن سٹریم نہیں کر سکتے۔ آپ کے بچے کے اسکول میں اسباق اور میڈیا بھی جائزہ کے لیئے، دستیاب ہیں اور صرف اسباق فیئر فیکس سٹی میں فیئر فیکس کاؤنٹی کی ریجنل لائبریری میں دستیاب ہیں (اس مقام پر میڈیا نہیں ہے)۔

والدین/ سرپرست اپنے بچے کو اپنی صوابدید پر، خاندانی زندگی کے تعلیمی پروگرام سے مکمل طور پر یا اس کے کسی جزو سے علیحدہ کر سکتے ہیں۔ علیحدہ کیئے جانے والے طلباء کو صحت کی متبادل ہدایات فراہم کی جاتی ہے اور جس میں خاندان کے فیصلوں کے احترام کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے۔ **اگر آپ اپنے بچے کو، اس تعلیمی سال کے FLE سے مکمل طور پر یا کسی حصے سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اس خط کے ساتھ منسلک فارم مکمل کریں یا آن لائن علیحدگی کے فارم ملاحظہ کریں۔** گریڈ-لیول پروگرام کی تفصیلات اور بے دخلی کے فارم FCPS کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

- ایلیمنٹری اسکول
- مڈل اسکول
- ہائی اسکول

**براہِ مہربانی علیحدگی کا فارم بھر کر خاندانی زندگی کی تعلیم شروع ہونے سے پہلے اپنے بچے کے اسکول واپس بھیج دیں۔**

جب تک آپ علیحدگی کا فارم پر کر کے اپنے بچے کو خاندانی زندگی کے پروگرام سے الگ کروانے کی درخواست نہیں دیتے، اسے خاندانی زندگی کی تدریس کے پروگرام میں شریک کیا جائے گا۔ ***اگر آپ چاہتے ہیں کی آپ کا بچہ FLE کی تدریس میں شریک ہو تو آپ کو یہ فارم اسکول میں واپس جمع کروانے کی ضرورت نہیں۔*** اگر آپ علیحدگی کا فارم جمع کروانے کے بعد فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو FLE میں شامل ہونا چاہیئے تو اس صورت میں آپ پرنسپل کو لازماً تحریری طور پر آگاہ کریں۔

فیئر فیکس کاونٹی پبلک اسکولز خاندانی زندگی کی تدریس میں شامل نہایت اہم موضوعات پر بمطابق عمر تدریس مہیا کرنے میں پرعزم ہیں۔ FLE کے شیڈول سے متعلق، اضافی معلومات کے لیئے، براہِ مہربانی اپنے بچے کے استاد یا اسکول سے رابطہ کیجیئے۔ FLE پروگرام سے متعلق، مزید معلومات اور سوالات کے لیئے، محکمہ برائے تعلیمی خدمات سے 571-423-4550 پر رابطہ کریں یا fle@fcps.edu ای میل کریں۔

مخلص،

FCPS محکمہ تعلیمی خدمات برائے
صحت، خاندانی زندگی، و جسمانی تعلیم